Pakistan Tehreek-e-Insaf

Central Media Department

پاکستان تحریک انصاف کی کور کمیٹی کے اجلاس کا اعلامیہ

9اگست 2023

- پاکستان تحریک انصاف کی کور کمیٹی کا اہم ترین اجلاس
- دورانِ قید چیئرمین پاکستان تحریک انصاف عمران خان کو بدترین انتقام کا نشانہ بنانے، ان کے بنیادی حقوق کی پامالیوں اور گھناؤنی ڈِس انفارمیشن مہم کا نشانہ بنانے کی شدید مذمت
- چیئرمین پاکستان تحریک انصاف عمران خان کی جان کو لاحق خطرات کا نہایت سنجیدگی سے نوٹس
- چیئرمین پاکستان تحریک انصاف عمران خان کو گھر سے تیار کردہ کھانا اور پانی فراہم کرنے کے فوری بندوبست کا بھی پرزور مطالبہ
- چیئرمین پاکستان تحریک انصاف عمران خان کی سزا کیخلاف اپیل پر عدالتی سماعت پر بھی شدید مایوسی کا اظہار
- چیئرمین پاکستان تحریک انصاف عمران خان کی قانونی ٹیم کیخلاف بدترین انتقامی کارروائیوں کی شدید مذمت
- ایف آئی اے کے ذریعے نعیم حیدر پنجوتھہ اور خواجہ حارث کی طلبی اور ہراساں کئے جانے کی بھی شدید مذمت
- شیر افضل مروت اور عمیر نیازی کیخلاف جھوٹے مقدمے کے اندراج اور وکلاء کو چیئرمین عمران خان کی وکالت سے روکنے کی ریاستی کوششوں کی بھی شدید مذمت
- چیئرمین پاکستان تحریک انصاف عمران خان کی خصوصی ہدایت پر یوم آزادی کا جشن ملک بھر میں نہایت جوش و جذبے سے منانے کا فیصلہ
- مجرموں اور فسطائیوں کے 16 ماہ پر محیط راج کے اختتام پر 10 اگست کو "یومِ تشکّر و نجات" منانے کا اعلان
- پی ڈی ایم کی نالائق، نااہل اور سفّاک حکومت کے ہاتھوں معیشت، سیاست، آئین و قانون، سماج اور نظامِ مملکت و حکومت کی تباہی کا تفصیلی تجزیہ قوم کے سامنے رکھنے کا فیصلہ

- آزادئ اظہار اور میڈیا پر عائد بدترین سنسرشپ اور اہلِ صحافت کیخلاف جبر و انتقام کی تفصیلات قوم کے سامنے رکھی جائیں گی
- بدترین مہنگائی کے ذریعے عوام کے معاشی قتلِ عام اور معیشت کی ناقابلِ تصوّر تباہی کی تفصیلات بھی عوام کے روبرو پیش کی جائیں گی
- آئین سے مجرمانہ انحراف، انتخاب سے فرار کے ذریعے عوام کے حقِ رائے دہی کو سلب کئے جانے اور الیکشن کمیشن کی معاونت سے جمہوریت کے قتل کی مفصل داستان بھی بیان کی جائے گی
- عدلیہ کی توہین و تضحیک، پارلیمان اور حکومتی مشینری کے ذریعے ججز کی کردارکشی اور اسے آئین کے تحفظ سے بازرکھنے کی شرمناک کوششوں سے بھی پردہ اٹھایا جائے گا

---پاکستان تحریک انصاف کور کمیٹی

منجانب: مرکزی میڈیا ڈیپارٹمنٹ